ادبیات

نغمۂ توحید

از جناب ماہر القادری صاحب

دعائے شام و سحر لا الٰہ الا اللہ — یہی ہے زادِ سفر لا الٰہ الا اللہ
سکونِ قلب و جگر لا الٰہ الا اللہ — کمالِ فکر و نظر لا الٰہ الا اللہ
نہ کہکشاں نہ قمر لا الٰہ الا اللہ — نہ کچھ اِدھر نہ اُدھر لا الٰہ الا اللہ
تمام ملتیں باطل ہیں صرف اک اسلام — یہی ہے راہگذر لا الٰہ الا اللہ
اسی میں دولتِ دنیا یہی ہے دولتِ دیں — متاعِ اہلِ خبر لا الٰہ الا اللہ
ملا رہا ہوں نگاہیں میں کجکلاہوں سے — نہ خوف ہے نہ خطر لا الٰہ الا اللہ
بتوں کو توڑ تخیل کے ہوں کہ پتھر کے
ذرا بھی دیر نہ کر لا الٰہ الا اللہ

دیارِ حبیب

از جناب سید وزیر حسن صاحب عابدی، ایم، اے

میں جہاں رہ نورد ہوں اے دوست — نہ زمیں ہے نہ آسماں ہے وہاں
قطعِ منزل نمودِ منزل ہے — کارواں پیشِ کارواں ہے وہاں
اک جہاں ہے جہانِ لامحدود — اک فضا ہے کہ بیکراں ہے وہاں
خیرہ کن ہیں فضا کے نظارے — خیرگیِ دل کی رازداں ہے وہاں
محوِ حیرت نگاہ لب خاموش — خامشی حکم جاوداں ہے وہاں